راہل کی طوفانی اننگز سے پنجاب کی شاندار جیت

پلے آف سے قبل چنئی سپر کنگز کی مسلسل تیسری ہار ، ٹیبل میں دوسری پوزیشن پر

دبئی(ایجنسیاں)

آئی پی ایل کی طوفانی اننگز کی بدولت پنجاب کنگز نے جمعرات کو چنئی سپر کنگس کے خلاف 6وکٹوں سے جیت درج کرلی ہے۔ چنئی نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ اوور میں 6وکٹ کے نقصان پر 134 رن کا اسکور کھڑا کیا، جواب میں پنجاب نے 13اوور میں 4وکٹ گنوا کر 135 رن کا ہدف حاصل کرلیا۔ کے ایل راہل نے ناقابل شکست 98رن بنائے۔ ساوی بلے باز نے صرف 42 گیندوں میں 7چوکے اور 8چھکوں کی مدد سے سنچری کے قریب پہنچے۔ راہل نے آئی پی ایل میں 14 میچ میں 626 رنز بنائے ہیں اور ایک بار پھر اورنج کیپ ان تک پہنچ گئی ہے۔آئی پی ایل 2021 میں سی ایس کے کی یہ مسلسل تیسری شکست تھی۔ پنجاب کے 14 میچوں میں 12 پوائنٹس ہیں۔ تاہم کم پلے آف کی دوڑ سے باہر ہے۔

شاردل ٹھاکر نے میچ میں 3وکٹیں حاصل کیں۔ اس نے میاکے (12)، سرفراز خان (0) اور ایڈن مارکرم (13) کو آؤٹ کیا۔ راہل کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

اس سے قبل سلامی بلے باز فاف ڈو پلیسس کے آخری اوورں میں دھماکہ دار انداز میں کھیلنے کی بدولت چنئی پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20اوورں میں چھ وکٹ کے نقصان پر 134 کے ٹیلنٹیڈ اسکور تک پہنچنے میں کامیاب ہوا۔ پنجاب کنگز کی عمدہ گیندبازی کی بدولت چنئی کا آغاز انتہائی سست رہا۔ ڈو پلیسس کے علاوہ دیگر کوئی بلے باز کریز پر ٹکنے اور بٹ لگانے میں ناکام رہا۔ پچھلے کچھ میچوں سے ٹیم کو مسلسل اچھی شروعات دے رہے ان فام بلے باز رتوراج گائیکواڈ آج کچھ خاص نہ کرسکے اور 14 گیندوں میں 12 رنز کی سست اننگز کھیلنے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ پچھلے چند میچوں کی طرح آج بھی چنئی کا مڈل آرڈر پست ہوگیا۔ معین، رابن اتھپا، امبائی رائیڈو اور کپتان مہندر سنگھ دھونی اننگز کو آگے لے جانے میں ناکام رہے۔ حالانکہ ڈوپلیسس ایک سرے پر ٹکے رہے اور نہ صرف اننگ کو آگے بڑھایا، بلکہ آخری اوورں میں چوکے اور چھکے لگا کر ٹیم کو 134 کے ٹیلنٹیڈ اسکور تک پہنچا دیا۔ رویندرا جڈیجہ نے ان کا ساتھ دیا، لیکن جڈیجہ نے بھی آج سست روی کا مظاہرہ کیا۔ ڈوپلیسس نے 55 گیندوں پر آٹھ چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے 76، جبکہ جڈیجہ نے 17 گیندوں پر ایک چوکے کی مدد سے 15 رنز بنائے۔ دھونی نے دو شاندار چوکے لگائے، لیکن آخر میں روی بشنوئی نے انہیں اپنی گوگلی کا شکار بنایا۔

پنجاب کی بولنگ شاندار تھی۔ گیندبازوں نے نہ صرف بلے بازوں کو قابو میں رکھا بلکہ ابتدائی اور درمیانی اوورز میں وکٹیں بھی حاصل کیں۔ ارشدیپ سنگھ اور کرس جورڈن نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ جبکہ محمد شامی اور روی بشنوئی نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ جوڈن تین اوور میں 20 رن پر دو وکٹ لے کر سب سے کفایتی گیندباز رہے۔ ارشدیپ نے چار اوورز میں 35 رنز دے کر دو وکٹیں حاصل کیں۔

ہندوستان سری لنکا کو بھی شکست دینے میں ناکام

سیف چمپئن شپ میں ٹیم انڈیا کو دوسرے میچ میں بھی ڈرا کا سامنا

مالیے (ایجنسیاں)

ساؤتھ ایشین چمپئن شپ فٹ بال ٹورنامنٹ کے اپنے دوسرے میچ میں بھی ہندوستانی ٹیم جیت درج نہیں کرپائی۔ جمعرات کے روز مالدیپ کے شہر مالے میں کھیلے گئے میچ میں سری لنکا نے اسے بغیر گول کے برابری پر روک دیا۔ پورے میچ میں دبدبہ برقرار رکھنے کے باوجود ایگور اسٹیمک کی ٹیم کوئی گول نہیں کرپائی اور ایک پوائنٹ کے ساتھ میدان سے باہر آئی۔

سنیل چھیتری کی قیادت والی ٹیم نے اس سے قبل پہلے میچ میں بنگلہ دیش کے خلاف بھی جیت درج نہیں کرپائی تھی جس برابری پر ختم ہوا تھا۔ سات بار کی سیف چمپئن ہندوستان نے اب تک مایوس کن کھیل کا مظاہرہ کیا، آج کے میچ میں مکمل طور پر دبدبہ بنانے کے باوجود کھلاڑیوں نے مواقع ضائع کیے۔ 73 فیصد گیند پر قبضہ رکھنے والی ٹیم نے 12 کارنر بھی حاصل کرنے میں کامیاب ہوئی لیکن گول نہیں کرپائی، صرف ایک شاٹ ایسا تھا جو گول میں تبدیل ہوسکتا تھا لیکن اسے بھی ناکام بنادیا گیا۔ سری لنکا کی دفاع نے شاندار مظاہرہ کیا اور حریف کے ہر حملوں کو ناکام کرتے رہے۔ گزشتہ دو میچ ہارنے والی ٹیم سری لنکا کے لیے آج بہترین رہا جب اس کے کھاتے میں ایک پوائنٹ شامل ہوگیا۔

سیف چمپئن شپ میں اب ہندوستان کا تیسرا میچ 10 اکتوبر کو نیپال کے خلاف ہوگا جبکہ 13 اکتوبر کو اسے میزبان مالدیپ سے کھیلنا ہے۔

ایسے میچوں کو جلد از جلد مکمل کرنے کا عزم ہونا چاہیے: وراٹ کوہلی



ابو ظہبی (یو این آئی)

رائل چیلنجرز بنگلور کے کپتان وراٹ کوہلی نے یہاں بدھ کو آئی پی ایل مقابلے میں سن رائزرز حیدرآباد سے ہارنے کے بعد کہا کہ ایسے میچوں کو جلد از جلد پورا کرنے کا ارادہ ہونا چاہیے ۔ ہم ان میچوں کو آخر تک نہیں لے جانا چاہتے، لیکن آغاز میں چند وکٹ گنوانے کے بعد انگلز کو دوبارہ دینا ضروری ہے۔

وراٹ نے میچ کے بعد کہا: ''میچ میں گرفت کے لحاظ سے میکسویل کا رن آؤٹ گیم چینجنگ لمحہ تھا اور میکسویل کچھ بڑے اوورں کے لئے میدان میں تھے۔ وہیں اگر اے بی ڈیویلیرس میدان میں موجود ہیں تو آپ کبھی بھی کھیل سے باہر نہیں ہیں، لیکن یہاں بات یہ یقینی بنانے کی ہے کہ جو کلاڑی فلو میں ہے وہ اہم لمحات میں اسٹرائک پر ہو۔ گیند کے ساتھ ہمارا پہلا ہاف اچھا تھا، لیکن ہوف کا پیچھا کرتے وقت ہم اسے موثر نہیں تھے۔ شبھاز احمد نے مشکل وقت میں ایک اہم اننگ کھیلی۔ بارا اور جیت چھوٹے چھوٹے فرق کا کھیل ہے، میرے خیال میں سن رائزرز نے اپنا توازن نہیں کھویا اور اپنی اننگز کی آخری چند گیندوں کو بہت اچھی طرح ڈالا، جس سے ہمیں وہ بڑے ہٹ نہیں ملے جن کی ہمیں تلاش تھی۔ حیدرآباد کے گیندباز اب بہت اچھی بولنگ کر رہے ہیں ، ایسا لگتا ہے کہ انہوں نے اپنی گیندبازی پر کام کیا ہے۔ ان کی اچھی گیندبازی کرنا بھیشیم کے لیے اچھی علامت رہی ہے۔''

بنگلور کے کپتان نے یوزویندر چہل کی بھالی کہا: ''وہ گیند کے ساتھ شاندار رہے ہیں۔ یو نرائٹڈ ہر سال ٹیلنٹ کو سامنے لاتا ہے۔ عمران ملک کو 150 کی رفتار سے گیندبازی کرتے ہوئے دیکھ کر اچھا لگا۔ یہاں سے کلاڑیوں کی ترقی کو سمجھنا ضروری ہے۔ فاسٹ باؤلرز کا مضبوط ہونا ہمیشہ ہندوستانی کرکٹ کے لیے ایک اچھا اشارہ ہے اور جب بھی آپ اس طرح کے ٹیلنٹ کو دیکھیں گے تو آپ ان پر نظر رکھیں گے اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ آپ ان کی صلاحیت کو مزید بڑھائیں جو پہلے سے ہی آئی پی ایل کی سطح پر دیکھا جارہا ہے۔ ہم شکست اور فتح دونوں کو سنبھالنے میں بطور ٹیم بہت پیشہ ور رہے ہیں۔ ہم شکست کے ساتھ اوپر یا بہت نیچے نہیں رہے ہیں۔ سفر میں کچھ رکاوٹیں آئی ہیں، لیکن ہم اسی رفتار سے آگے بڑھتے رہیں گے۔''

سی ایس کے نے نسیم کرین کے ریپلیسمنٹ کے طور پر ڈومنک ڈریکس کو سائن کیا

دبئی (یو این آئی) تین بار کی آئی پی ایل فاتح چنئی سپر کنگز (سی ایس کے) نے بدھ کے روز بقیہ آئی پی ایل 2021 سیزن کے لئے انجری کے سبب ٹورنامنٹ سے باہر ہوئے نسیم کرین کے ریپلیسمنٹ کے طور پر بارباڈوس کے تیز گیندباز ڈومینک ڈریکس کو سائن کیا ہے۔ جمعا جاتا ہے کہ ڈریکس پہلے سے ہی آئی پی ایل کے بائیو ببل میں ہیں۔ ویسٹ انڈیز کے سابق کرکٹر اوسبرٹ کے بیٹے ڈریکس ٹینٹ کنس اینڈ نیوس چیلنجرس ٹیم کے اسٹار گیندبازوں میں سے ایک ہیں، جنہوں نے حال ہی میں کیریبن پریمئر لیگ (سی پی ایل) 2021 کا خطاب جیتا تھا۔ انہوں نے 16وکٹ کے ساتھ اپنی سی پی ایل 2021 مہم مکمل کی تھی۔ وہ ٹورنامنٹ میں سب سے زیادہ وکٹ لینے کے معاملے میں چوتھے گیندباز تھے۔ 23 سالہ گیندباز کا کی سی پی ایل 2021 میں سب سے اہم تعاون بلے سے آیا تھا، جب انہوں نے فائنل مقابلے میں 24 گیندوں پر ناٹ آؤٹ 48رن بنائے تھے۔ قابل ذکر ہے کہ اس سے قبل بدھ کے روز دو پہر کو سی ایس کے کے ذریعہ بقیہ میچوں کے لئے ایک متبادل کلاڑی کا مطالبہ کئے جانے اور بی سی سی آئی کی جانب سے فرنچائزی کو اصولی طور سے متبادل کلاڑی کو منتخب کرنے کی منظوری دے جانے کی خبر سامنے آئی تھی۔ ضوابط کے مطابق ایک فرنچائزی اپنے آخری میچ سے قبل ایک ریپلیسمنٹ کلاڑی کا مطالبہ کرسکتی ہے اور چنئی کا آخری مقابلہ آج دو پہر کو پنجاب کنگز کے خلاف تھا۔

اٹلی کو شکست دے کر اسپین نیشن لیگ کے فائنل میں

اطالوی ٹیم کی مسلسل 37 میچوں سے غیر مفتوح رہنے کا سلسلہ رک گیا

میلانو (اٹلی) (ایجنسیاں)

اسپین نے یورپی چیمپئن اٹلی کو 37 میچوں سے ناقابل شکست رہنے کا عالمی ریکارڈ برقرار رکھ لیا۔ بدھ کی دیر رات کھیلے گئے یوئیفا نیشن لیگ کے سیمی فائنل میں اس نے اٹلی کو 2-1 سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنالی ہے جہاں اس کا مقابلہ فرانس اور بلجیم کے درمیان ہونے والے دوسرے سیمی فائنل کی فاتح ٹیم سے ہوگا۔ خطابی مقابلہ اتوار کے روز کھیلا جائے گا۔

اسپین کی جیت میں فیران ٹورلس کا زبردست رول رہا جنہوں نے ٹیم کے لیے دونوں گول کیے۔ انہوں نے میچ کے 17 ویں منٹ میں اسپین کو برتری دلائی۔ اس کے بعد وقفہ کے انجوری ٹائم میں گول کر کے ٹیم کو دوسطر سے آگے کردیا۔ میچ کے 42ویں منٹ میں اٹلی کو بڑا جھٹکا اس وقت لگا جب لیونارڈو بونچی کو سرخ کارڈ دیکھا کر میدان سے باہر کردیا گیا۔ دس کھلاڑیوں پر مشتمل اٹلی کی ٹیم دباؤ میں آگئی اور ہسپانوی ٹیم نے اس کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے میچ پر پورا کنٹرول کرلیا۔ تاہم جوابی میں پورے 2020 کے سمی فائنل میں اسپین کو پنالٹی پر شکست دینے والے رابرٹو مانسینی کی ٹیم نے ہمت نہیں ہاری اور میچ کے 83ویں منٹ میں کائرا ایک پر لوریزو بیلگریتی نے گول کرکے کوسمنی خیز بنادیا لیکن اس کے بعد مزید گول نہیں کرپائی اور اٹلی کی ٹیم ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئی۔

میچ میں چھوٹی چھوٹی بہتری کو دیکھ کر بہت اچھا لگا: ولیمسن

ابو ظہبی (یو این آئی)

سن رائزرس حیدرآباد کے کپتان کین ولیمسن نے یہاں بدھ کو آئی پی ایل مقابلے میں رائل چیلنجرز بنگلور کے خلاف جیت کے بعد کہا کریم کے لیے یہ ایک مشکل سیزن رہا ہے اور اس میچ میں چھوٹی چھوٹی بہتری کو دیکھ کر بہت اچھا لگا۔ ہم نے سوچا کہ اسکور مسابقتی ہے اور ہم نے گیندبازوں کو ٹاٹ کرلڑائی کرتے دیکھا۔ میچ میں 31 رن کی اننگ کھیل کر پلیئر آف دی میچ ' ریویلسن نے کہا،'' میں بلے بازی کرتے وقت صرف پاور پلے میں زیادہ سے زیادہ رنز بنانے کی کوشش کررہا تھا اور گیند اچھی طرح سے آرہی تھی اور ہم خوش قسمت تھے کہ ہم نے ایک شراکت داری بنائی۔ ہم جانتے تھے کہ گیندبازی کے نظریے سے چیزیں جلدی گیندبازی کے حق میں ہوں گی، لیکن ہم جانتے تھے کہ اگر ہم اپنی توجہ برقرار رکھتے ہیں اور لمبے وقت تک کریز پر رہتے ہیں تو ہم ان پر دباؤ بنا سکتے ہیں۔ میچ کافی دلچسپ ہوا تھا اور مکسیویل کو کسی نہ کسی طرح سے آؤٹ کرنا اہم تھا، بنگلور ایک شاندار ٹیم ہے۔ گرچہ ہم ٹورنامنٹ سے باہر ہیں، لیکن کھلاڑیوں کے ذریعہ آخر تک لڑی گئی مدلاڑی سے۔ فتح میں حصہ دار بننا نوجوانوں کے لیے ایک بہترین موقع ہے۔ امید ہے کہ ہم سیکھتے رہیں گے اور جمعہ کو اپنے آخری میچ اسی طرح کھیلیں گے ۔ ہمارے کئی میچ آخری اوور میں ختم ہوئے ہیں۔ ہم کوشش کرتے ہیں کہ منصوبوں کا اچھے سے عمل میں لائیں۔ کوئی بھی میچ آپ کو لے میں آنے کی اجازت نہیں دیتی ہے۔''

ای سی بی چیئرمین نے اچانک استعفیٰ دے دیا

لندن(ایجنسیاں)

انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ کے چیئرمین این واٹمور نے اچانک استعفیٰ دے دیا۔ برطانوی میڈیا کے مطابق کرکٹ بورڈ کے چیئرمین این واٹمور نے اچانک استعفیٰ دے دیا، واٹمور کے عہدے کی مدت 5سال تھی تاہم وہ 10ماہ عہدے پر رہے۔ انگلش کرکٹ بورڈ کی جانب سے سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر بورڈ چیئرمین کی جانب سے عہدہ چھوڑنے کی تصدیق کردی گئی ہے۔

ابھرتے ہوئے انگلش کرکٹر ہیری بروک کا بی بی ایل کے ساتھ پہلا معاہدہ

لندن (یو این آئی) انگلینڈ کے ابھرتے ہوئے اوپر سب سے باصلاحیت بلے بازوں میں سے ایک ہیری بروک نے بگ بیش لیگ (بی بی ایل) کے ساتھ اپنا پہلا معاہدہ کیا ہے۔ ہوبارٹ ہریکینز نے انہیں آئندہ سیزن کے لیے سائن کیا ہے۔ بروک لیگ کے تمام میچوں کے لیے دستیاب ہوں گے۔ بروک نے ایک بیان میں کہا'' میں آسٹریلیا آنے اور پہلی مرتبہ بگ بیش میں کھیلنے کا انتظار نہیں کرسکتا۔ گزشتہ کئی سالوں میں میں نے اپنے جیسے انگلش کرکٹرز کو آسٹریلیا آتے دیکھ کر بہت لطف اندوز ہوا ہوں اور انہیں دیکھ کر محسوس ہوتا ہے کہ وہ نہ صرف بی بی ایل سے لطف اندوز ہوئے ، بلکہ ان میں سے بہت سے لوگوں نے اپنے کھیل کو اگلی سطح تک لے گئے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ میں بھی ایسا کرسکتا ہوں، اس لیے میں وہاں پہنچنے کا انتظار نہیں کرسکتا۔'' انگلینڈ انڈر 19 ٹیم کے سابق کپتان بروک حال ہی میں پروفیشنل کرکٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے میجر لیگ پلیئر آف دی ایئر ایوارڈ جیتنے کی وجہ سے سرخیوں میں آئے تھے۔ انہوں نے کاؤنٹی کلب یارکشائر کے لئے فی 20 بلاسٹ ٹورنامنٹ میں 69.40 کی اوسط اور 149.07 کے اسٹرائک ریٹ سے 486رنز بنائے تھے۔ وہیں پہلے ڈی ہنڈریڈ ٹورنامنٹ میں وہ 153.65 کے اسٹرائک ریٹ سے ناردرن سپر چارجرز کے لیے کھیل چکے تھے۔ قابل ذکر ہے کہ بروک کی موجودگی ہریکینز کی مڈل آرڈر بے بازی کو مزید مضبوط کرے گی۔ اس کے پاس پہلے سے ہی بیٹر بینڈز کیمپ اور ٹم ڈیوڈ موجود ہیں۔ فرنچائزی نے آئندہ سیزن کے لیے سنیچر لاپتھانے کی خدمات کو بھی برقرار رکھا ہے۔ ہوبارٹ ہریکنس 8 ستمبر کو ڈی فائی چیمپئن سڈنی سکسرز کے خلاف مقابلے سے اپنی بی بی ایل مہم شروع کرے گا۔

نک ویب کا ہندوستانی کرکٹ ٹیم سے الگ ہونے کا فیصلہ

نئی دھلی (یو این آئی) ہندوستانی مہنز کرکٹ ٹیم کے ٹریننگ ویب نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ وہ آئندہ فی 20 ورلڈ کپ کے بعد ہندوستانی ٹیم کا حصہ نہیں ہوں گے۔ انہیں 2019 میں اس عہدے پر تعینات کیا گیا تھا۔ بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا (بی سی سی آئی) کے ساتھ ساتھ خود یک نے جمعرات کو اس کی تصدیق کی ہے۔ نک نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں لکھا، ''میں نے حال ہی میں بی سی سی آئی کو مطلع کیا ہے کہ میں فی 20 ورلڈ کپ کے بعد معاہدے میں توسیع کا مطالبہ نہیں کروں گا۔ نک نے اس بات کی تصدیق بھی کی ہے کہ کووڈ ناہاے کا پھیلاؤ کے بعد لگائی گئی پابندیوں کے باعث نیوزی لینڈ میں داخل ہونے اور باہر جانے میں دشواریوں کی وجہ سے انہوں نے یہ فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا: ''یہ کوئی آسان فیصلہ نہیں رہا ہے، لیکن آخر کار مجھے اپنے خاندان کو ترجیح دینی پڑی۔ ملک میں داخل ہونے کے خواہش مند نیوزی لینڈ کے شہریوں کے لئے موجودہ کورونا پابندیاں بنیادی وجہ ہیں، حالانکہ مستقبل میں ان پابندیوں میں نرمی کی جاسکتی ہے جیسے ہے خاندان سے دور 5-8 ماہ کے مکمل دور کے ساتھ آگے بڑھنے کی کوئی غیر یقینی صورتحال نے میرے لئے فی 20 عالمی کپ سے پہلے اسے غیر مستحکم بنادیا ہے۔ نک نے ہندوستانی کپتان وراٹ کوہلی اور کوچ روی شاستری کو آخری بار سلیوٹ کرتے ہوئے کہا کہ وہ بہترین کارکردگی کے لیے کوشاں ہیں اور اعلیٰ پیشہ ورانہ معیار قائم کرتے ہیں۔ سمجھا جاتا ہے کہ نیک کا استعفیٰ دینا فی 20 ورلڈ کپ کے بعد ہندوستانی ٹیم کے معاون عملے میں تاگزیر تبدیلیوں کے مطابق ہے۔ ہیڈ کوچ روی شاستری پہلے ہی اعلان کرچکے ہیں کہ 17 اکتوبر سے 14 نومبر تک آئی سی سی فی 20 ورلڈ کپ ہندوستانی ٹیم کے ساتھ ان کا آخری اسائنمنٹ ہوگا۔ ان کے ساتھ گیندبازی کوچ بھرت ارون، فیلڈنگ کوچ آر سری دھر سمیت بیشتر دیگر کوچوں کی بھی مدت ختم کرنے کی توقع ہے۔ بی سی سی آئی کے ایک افسر نے نئے سپورٹ اسٹاف ممبرز کی بھرتی کا عمل جلد شروع ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ نئے ہیڈ کوچ کو اپنا سپورٹ اسٹاف رکھنے کی مکمل آزادی ہوگی۔

تمیم اقبال انگوٹھے میں فریکچر کے سبب ایورسٹ پریمئر لیگ سے باہر

ڈھاکہ (یو این آئی) بنگلہ دیش ون ڈے کرکٹ ٹیم کے کپتان تمیم اقبال بائیں انگوٹھے میں فریکچر کے باعث موجودہ ایورسٹ پریمئر لیگ (ای پی ایل) سے باہر ہو گئے ہیں۔ تمیم جمعرات کی صبح نیپال سے ڈھاکہ واپس آئے ۔ یہاں وہ چیک اپ کے علاج کے بعد تین ہفتے تک ریجنلیشن میں رہیں گے ۔ جمعرات کو اس کی تصدیق کرتے ہوئے، بی پی بی کے ایک عہدیدار نے کہا''ان کے بائیں انگوٹھے میں چوٹ لگی ہے۔ انگلین سے ایک چھوٹا سا فریکچر سامنے آیا ہے۔ اس کے نتیجے میں اب وہ کم از کم تین ہفتوں تک کرکٹ ایکشن سے دور رہیں گے۔'' تمیم کے لیے یہ ایک بڑا دھچکا ہے، کیونکہ وہ ای پی ایل کے ساتھ مسابقتی کرکٹ میں واپس آنا چاہتے تھے۔ انہوں نے ٹورنامنٹ میں بھیبر ہوا گلیڈیٹر ایئرز کے لیے چار میچوں میں بالترتیب 16، 12، 40 اور نو رنز بنائے ہیں ۔ آئندہ فی 20 ورلڈ کپ کے لیے خود کو عمدہ دستیاب رکھنے والے تمیم کیرتی پور کے تری بھون یونیورسٹی جین الاقوامی کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے جارہے اپنے ای پی ایل ٹورنامنٹ کے آغاز سے پہلے گھٹنے کی انجری سے صحت یاب ہوئے تھے۔ اس کے علاوہ اپریل۔مئی میں سری لنکا کے دومیچ دورے کے دوران بھی ان کے دائیں گھٹنے میں چوٹ لگ گئی تھی، حالانکہ بعد میں انہوں نے سری لنکا کے خلاف ہوم ون ڈے سیریز کے ساتھ ساتھ بنگلہ دیش کا پریمئر ڈویژن فی 20 لیگ میں حصہ لیا تھا، لیکن لیگ کے ایک میچ میں چوٹ لگنے کے باعث انہیں ٹورنامنٹ درمیان میں ہی چھوڑنا پڑا، جس کی وجہ سے وہ زمبابوے کے خلاف ٹیسٹ میچ کھیلنے سے محروم رہ گئے ۔ زمبابوے میں ایک روزہ سیریز میں ٹیم کی قیادت کرنے کے بعد تمیم نے فی 20 فارمیٹ میں نہ کھیلنے کا فیصلہ کیا اور وطن واپسی کے بعد ایک ریجنلیشن شروع کیا۔ اس کے نتیجے میں وہ آئندہ آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے خلاف ہوم فی 20 سیریز سے باہر ہو گئے۔

نجم الحسن مسلسل تیسری مرتبہ بی سی بی کے صدر منتخب

ڈھاکہ (یو این آئی) نجم الحسن مسلسل تیسری بار بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) کے صدر منتخب ہوئے ہیں۔ نجم الحسن کو یہاں بدھ کے روز بی سی بی ہیڈ کوارٹر میں بی سی بی کے نئے تشکیل شدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے بلا مقابلہ صدر منتخب کیا۔ یہ پہلا موقع ہے کہ نجم اور ان کا غیر ری جنیل اکثریت کے ساتھ منتخب ہوا ہے۔ 2012 میں پہلی بار بی سی بی کے صدر بنے اور بعد میں دو مرتبہ اس عہدے کے لیے دوبارہ منتخب ہوئے۔ نجم الحسن کو 2013اور 2017 میں الیکشن لڑنا پڑا تھا، کیونکہ ان کا پینل بلا مقابلہ کھڑا تھا۔ حالانکہ اس بار نجم الحسن نے ایک پینل کے خلاف کھڑے ہونے کے فیصلہ کیا تھا، اس لئے انہیں الیکشن لڑنا پڑا۔ نجم الحسن نے ایک بیان میں کہا'' اس بار کا الیکشن آزادانہ اور منصفانہ تھا اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ لوگوں نے اپنا ووٹ ڈالا اور یہی اہم بات ہے۔ مجھے کامل سلمٰن سے کوئی دوٹ نہیں چاہیے تھا، کیونکہ میں اپنی حیثیت دیکھنا چاہتا تھا۔'' قابل ذکر ہے کہ ڈائریکٹری جین ڈھاکہ کلب کے ڈائرکٹروں کے 16 خواہش مند امیدوار تھے، لیکن نجم الحسن نے غازی غلام مرتضیٰ اور عنایت حسین کے ساتھ سب سے زیادہ 53 ووٹ حاصل کر کے اپنے حالیین کو شکست دے دی۔ بی سی بی کے چھ نئے ڈائریکٹرز بھی نئے منتخب جن میں عبید شید نظام، صلاح الدین چودھری، نجیب سنہا، افتخار رحمان، منظور عالم نجو اور تنویر مینٹو شامل ہیں۔